سوال

(691) عورت کا اپنی غیرت کے اظہار میں امہات المؤمنین کے کردار کو دلیل بنانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی عورت اپنی غیرت کے اظہار میں امہات المومنین کے کردار کو اپنے لیے دلیل بنا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اس وصف کے متعلق کسی دلیل کی محتاج نہیں ہے۔ غیرت اللہ تعالیٰ نے فطری طور پر عورت کی طبیعت میں پیدا کی ہوئی ہے۔ جب اس کیفیت سے امہات المومنین نہیں بچ سکی ہیں تو کوئی دوسری عورت کیسے بچ سکتی ہے؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 490

محدث فتویٰ